سوال

(55)نماز جمعہ کی صحت کے لیے کم از کم کتنے آدمی ہونا چاہییں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز جمعہ اور خطبہ کے قیام کے لیے کم از کم کتنے آدمیوں کا ہونا شرط ہے؟

محمد۔ب۔ا۔ابہا۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس مسئلہ میں اہل علم کا بہت اختلاف ہے۔ صحیح تر قول یہ ہے کہ تین آدمیوں کا ہونا کافی ہے۔ایک امام اور س کے علاوہ وہ اور آدمی۔جب کسی بستی میں تین ایسے آدمی موجود ہوں جو شرعا مکلف آزاد اور اس بستی کے رہنے ہوں تو وہ جمعہ قائم کریں، ظہر نہ پڑھیں۔کیونکہ نماز جمعہ کی مشروعیت اور فرضیت پر دلالت کرنے والے دلائل تین اور اس سے زیادہ جتنے بھی آدمی ہوں سب پر عام ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ